وزیرِ اعظم نے ریو ڈی جنیرو میں منعقدہ برکس اجلاس کے موقع پر بولیویا کے صدر سے ملاقات کی (جولائی 07, 2025)

جولائی 07، 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج برازیل کے شہر ریو ڈی جنیرو میں برکس سربراہ اجلاس کے موقع پر بولیویا کے صدر محترم لوئیس ایرسے کیٹاکورا سے ملاقات کی

2. دونوں رہنماؤں نے باہمی تعاون کا جائزہ لیا اور اب تک حاصل ہوئی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا. ملاقات کے دوران ان رہنماؤں نے معدنیات، تجارت و معیشت، ڈیجیٹل پبلک انفراسٹرکچر اور یو پی آئی، صحت و ادویات، روایتی طب، چھوٹی و درمیانی صنعتیں، تربیت اور صلاحیت سازی سمیت اہم شعبوں پر تبادلہ خیال کیا. دونوں قائدین نے اہم معدنیات کے شعبے میں تعاون کو وسعت دینے اور پائیدار و باہمی فائدہ مند شراکت داریوں کو فروغ دینے کی اہمیت کو تسلیم کیا. وزیرِ اعظم نے دونوں ممالک کے درمیان جاری ترقیاتی تعاون پر بھی اطمینان ظاہر کیا، جن میں ’کوِیک امپیکٹ پروجیکٹس‘ اور آئی ٹی ای سی اسکالرشپ پروگرام کے تحت صلاحیت سازی کی پہل شامل ہیں.

3. وزیرِ اعظم مودی نے مارچ-اپریل 2025 کے دوران لا پاز اور بولیویا کے دیگر علاقوں میں شدید سیلاب کے بعد بولیویا کے عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا. انہوں نے انٹرنیشنل سولر الائنس میں شمولیت پر بولیویا کو مبارکباد بھی دی.

4. آخر میں وزیرِ اعظم نے بولیویا کے عوام اور حکومت کو ملک کی آزادی کی 200ویں سالگرہ، جو 6 اگست 2025 کو ہے، کے موقع پر نیک تمناوں کا اظہار کیا۔

ریو ڈی جینرو
جولائی 07، 2025